गबन

G1

# غبن

اداکاران
سنیل دت
سادھنا

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

# گانا ہمارا گانے غبن فلم کے لئے

احسان میرے دل پہ تمہارا ہے دوستو
یہ دل تمہارے پیار کا مارا ہے دوستو
احسان میرے دل پہ ....

ہوتا ہے میرا کام تمہارے ہی کام سے
ہوتا ہے میرا نام تمہارے ہی نام سے
تم جیسے مہرباں کا سہارا ہے دوستو
یہ دل تمہارے پیار کا مارا ہے دوستو ــــ احسان ــــ

جب آپڑا ہے کوئی بھی مشکل کا راستہ
میں نے دیا ہے تم کو محبت کا واسطہ
ہر حال میں تم ہی کو پکارا ہے دوستو
یہ دل تمہارے پیار کا مارا ہے دوستو
احسان میرے دل پہ ــــ

یاروں نے میرے واسطے کیا کچھ نہیں کیا
سو بار شکریہ ارے سو بار شکریہ
بچپن تمہارے ساتھ گذارا ہے دوستو
یہ دل تمہارے پیار کا مارا ہے دوستو
احسان میرے دل پہ ــــ

گانا نمبر ۲:- آئے رے دِن ساون کے
بلم تیرے آون کے
آئے رے دِن ساون ---
تیرے پیار کا جوگ لیا
موہے لوگ کہیں دیوانی
گھر گھر کی اس کہانی میں ۔ میں بن گئی کہانی
آئے رے دِن ساون ---
دو نینوں کے دیپ جلائے جاگوں ساری رینا
کیسے لاگیں بین پیا جیت ہم سنگ لاگے بیتا
آئے رے دِن ساون ---
گانا نمبر ۳ میں نے دیکھا تھا سپنوں میں اک چندر ہار
آج بالم نے پہنا دِیا
مجھے الفت کا گہنا دِیا
میں نے دیکھا تھا ---
بندھی بندھی ندیا بھی بہنے لگی
گھڑی گھڑی لہرا کے کہنے لگی
میں تو ساگر سے جا کر ملونگی ابھی
آج مجھ کو ملی ہے نئی زندگی
میں نے دیکھا تھا ---
دھیرے دھیرے چھیڑے ہوا بھی ستار
چھم چھم ناچوں تو ناچے بہار

آج دھرتی نیا گیت گانے لگی
میری تقدیر بھی مسکرانے لگی
میں نے دیکھا تھا —
کھوئی کھوئی جاتے ہیں جاؤں کہاں
ملا مجھے سب کچھ ملے دو جہاں
آج میری خوشی کی تو سیما نہیں
ہو نہ جاؤں کہیں پیار میں باؤری
میں نے دیکھا تھا —

گانا (۴): — سجن رے جائیگا تجھے لے کے
اور تجھ پہ کیا کیا ستم ڈھائیگا
تجھ سے مانگے کا پیار بھرا دل
اور تجھے کو رہ رہ کے تڑپائیگا
دل کے محل میں بٹھائیگا تجھکو
آنکھوں کی مدیرا پلائیگا تجھکو
ہاتھوں سے جب تو چھپائیگی مکھڑا
سو سو طرح سے ستائیگا تجھکو
سجن رے جائیگا —

جب چھیڑیگا وہ بار بار
پسینہ دلہن کو آجائیگا
الفت سے الفت کی ہونگی دو باتیں
چاندی کے دن ہونگے سونے کی راتیں

سجن لے جائیگا —

منزل جوانی کی دیگی بدھائی
گائی چینگی ملن کی براتیں
لوگ ڈالیں گے پھولوں کے ہار
وہ گجرے باہوں کے پہنا ئیگا
سجن لے جائیگا —

گانا نمبر۵ لڑکی:۔ تم بن سجن برسے نین
جب جب بادل برسے

لڑکا:۔ مجبور ہم مجبور تم دِل ملنے کو ترسے

لڑکی:۔ ناگن سی یہ رات اندھیری
بلبھی ہے دِل کو گھیرے
روٹھے جو تم سب چل دیئے منھ پھیر کے
تم بن سجن —

لڑکا:۔ مجبور ہم مجبور تم دِل ملنے کو ترسے
یہ دِل تیرے پیار کی خاطر جگ سے بیگانہ ہو گیا
اک خواب تھا سب لُٹ گیا۔ سب کھو گیا

لڑکی:۔ تم بن سجن —

لڑکا:۔ مجبور ہم مجبور تم —

لڑکی:۔ پیاسے پیاسے نین ہمارے
رو رو کے ہارے ساجنا

لڑکا:۔ آنکھوں بھر بر سے گگن اس آنگن

تم بن سجن برسے نین —
مجبور ہم مجبور تم —

گانا نمبر ۶

میں ہر رات جاگی کہ اس بار شاید
محبت تمہیں اس طرف کھینچ لائے
تمہاری قسم تم بہت یاد آئے
نہ پوچھو یہ دن ہم نے کیسے بتائے
برسنے لگے شب تو کیا نیند آئے
اُدھر کڑ کے بجلی اِدھر جان جائے
نہ پوچھو یہ دن ہم نے کیسے بتائے
اُمیدوں پہ پڑتا رہا روز پانی
یہ شعلے مگر اب تک بجھ نہ پائے
نہ پوچھو یہ دن ہم نے کیسے بتائے
ذرا اک نظر اس طرف اب تو دیکھو
زمانہ ہوا ہے ہمیں مسکرائے
تمہاری قسم تم بہت یاد آئے
نہ پوچھو یہ دن ہم نے کیسے بتائے

تمام شد

# عملیات تسخیر محبوب یعنی ہمدرد عشاق

اگر آپ کسی زہرہ جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہو چکے ہیں۔ اور مطلب براری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی خوشامد کرتے کرتے اور جھڑکیاں سہتے سہتے عاجز آ گئے ہیں۔ تو آپ آج ہی اس نادر روزگار کتاب کو منگوا کر اس میں درج کئے ہوئے اصولوں پر چل کر کامیابی حاصل کر لیجئے۔ اب تک اس کتاب کی لاکھوں کا پیاں فروخت ہو چکی ہیں۔ اور ہزار ہا حاجتمند اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ آپ بھی منگا کر فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف ۱-۱۲ علاوہ ڈاک خرچ

# عملیات تسخیر قلوب

اس کتاب میں بتائے ہوئے اصولوں پر عمل کر کے عورت و مرد کے دل کو اپنی مٹھی میں کرنا بالکل معمولی بات ہے۔ گرہستی زندگی کو بہشت بنانا بالکل سہل ہو گا۔ جو لوگ عورتوں کی زبان درازی سے تنگ آ گئے ہوں وہ اس کتاب کو پڑھیں اور دیکھیں کہ ان کی روٹھی ہوئی بیویاں اور پرواہ نہ کرنے والے دل کس طرح خود بخود انکی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔

قیمت صرف ۱-۱۳ علاوہ ڈاک خرچ

# ریڈیو گائیڈ

ریڈیو کے کام کو بطور پیشہ اختیار کرنے کے علاوہ شوقیہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کتاب میں آجکل کے تمام ریڈیو ریسیور یعنی لوکل سیٹ۔ آل انڈیا ریڈیو سیٹ بجلی اور بیٹری کے ریڈیو ٹرانسمیشن کا پورا پورا بیان ہے۔ اور ان کے ریسیو کرنے کا طریقہ اور ٹرانسمیٹر کا پورا پورا حال درج ہے۔ ریڈیو ریسیور کے ہر ایک پرزے کی شکل دیکر سمجھایا گیا ہے۔ کتاب ہذا ایک مبتدی یعنی جو آدمی ریڈیو کے متعلق کچھ بھی نہیں جانتا۔ اس کیلئے ریڈیو کے متعلق بہترین مقالات اور اشارات اور نکات مفصل طور سے درج ہیں۔ قصہ کوتاہ ریڈیو کے متعلق تمام باریکیاں بخوبی سمجھائی گئی ہیں۔ جن کی مدد سے ہر ایک تھوڑی سی مشق اور توجہ کے بعد ماسٹر آف آرٹ بن سکتا ہے۔ عوام ریڈیو کے کاروبار سے تعلق رکھنے والے حلقوں میں بہت پسند کیا ہے۔ ریڈیو رکھنے والے حضرات آج ہی اس نادر کتاب کی ایک جلد منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔

قیمت صرف چھ روپے بمعہ ڈاک خرچ

## زنن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اعلیٰ پریس دہلی